کے ساتھ تعلق کم ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ بعض مواقع پر الزامی جواب کافی سمجھتے ہیں اور کسی علمی ذخیرہ کی طرف رجوع کی ضرورت محسوس نہیں کرتے۔''

زیرنظر مجموعہ جوابات ''احسن الجواب'' اس قسم کے اعتراضات کے جوابات کا پہلا مجموعہ ہے جس کی دلچسپی کتاب کے آخر تک برقرار ہے۔ امید ہے محترم مفتی صاحب اس کا دوسرا حصہ بھی جلد منظر عام پر لائیں گے۔

کتاب: حضرت ابوسفیان اوران کی اہلیہ تالیف: حضرت مولانا محمد نافع صاحب جھنگ

ضخامت: ۱۴۴ قیمت: ۔/۱۰۰روپے ناشر: دارالکتاب۔غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

زیر تبصرہ مختصر کتاب میں مؤلف علامہ نے حضرت ابوسفیان بن حرب اور انکی اہلیہ ہند بنت عتبہ کے سوانح مختصر ذکر کیے ہیں۔اور ساتھ ہی بعض شبہات کا ازالہ بھی کردیا گیا ہے۔

موجودہ اشاعت سے پہلے مولانا محمد نافع صاحب نے حضرت ابوسفیان اوران کی اہلیہ کے عنوان سے ایک مختصر کتابچہ طبع کرایا تھا جس کی علمی دنیا میں بہت پذیرائی ہوئی۔اب اس کی اشاعت ثانیہ میں کافی اصلاح اور ترمیم کی گئی ہے۔اور بعض ضروری حوالہ جات کا اضافہ بھی کردیا گیا ہے اوراس کے ساتھ بطور تکملہ وتتمہ کے حضرت ابوسفیان کے لائق اور نامور فرزند یزید بن ابی سفیان کا مختصر تذکرہ اوراسی طرح ان کی خوش نصیب صاحبزادی ام المومنین حضرت ام حبیبہؓ کا ذکر بھی آیا ہے۔

اس کتاب کے متعلق حضرت مولانا سید حامد میاں رقمطراز ہیں:

''حضرت مولانا محمد نافع صاحب کی ذاتِ گرامی محتاجِ تعارف نہیں۔آپ فضلاء قدیم دارالعلوم دیوبند میں سے ہیں۔حق تعالیٰ نے آپ کو علم فہم اور قلم کی نعمتوں سے نوازا ہے اور سب سے بڑا انعام یہ ہے کہ تحریرات میں اعتدال ہے' تقویٰ ہے' اور اتباع اسلاف۔اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس راہ پر قائم رکھے۔آپ کے دو نئے رسائل کے مطالعہ کا موقع ملا۔جن کا موضوع حضرت ابوسفیان اوران کی اہلیہ ہیں۔آپ نے ان ہر دو حضرات کی فضیلتیں جمع فرمادی ہیں۔جن کے مطالعہ سے معلوم ہوگا کہ جناب رسالت مآبؐ کے فیض صحبت مبارکہ کی تاثیرات کتنی عظیم تھیں۔ اسلام لانے سے پہلے یہ کیا تھے؟ اوراسلام لانے کے بعد ان میں کیا انقلاب آیا؟ یہ جناب رسول اللہ ﷺ کا معجزہ بھی ہے اوران زوجین کرامؓ کی عظیم ترین خوش نصیبی اور فضیلت بھی۔اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق دے کہ ہم سب صحابہ کرام کی تعظیم ہی کرتے رہیں ان سے محبت رکھیں۔اور آخرت میں ان اور جناب رسول اللہ کے ساتھ محشور ہوں۔